12/7

Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Translation) II Semester Examination, July 2023

Paper - MATS202CCT : Terminology and Its Significance

پرچہ : علمی اصطلاح اور اس کی اہمیت

Marks : 70

Time : 3 hrs

ہدایات:ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو(200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جوب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال:1

(i) ''وضع اصطلاحات'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) مرزا حامد بیگ (b) ڈاکٹر عطش درانی (c) وحید الدین سلیم (d) شان الحق حقی

(ii) انگریزی لفظ Interest ذیل میں سے کس میں اصطلاح کا درجہ رکھتا ہے؟

(a) معاشیات (b) سیاسیات (c) تاریخ (d) جغرافیہ

(iii) اصطلاح سازی کا معروف ادارہ ''مقتدرہ قومی زبان'' پاکستان کے کس شہر میں ہے؟

(a) سیالکوٹ (b) لاہور (c) کراچی (d) اسلام آباد

(iv) ''تپش پیا'' ذیل میں کس کا متبادل ہے؟

(a) Heater (b) Condenser (c) Thermometer (d) Regulator

خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

(v) دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں قائم کیا گیا۔ — 1917ء / 1921ء

(vi) آکسفرڈ انگلش اردو ڈکشنری کے مرتب۔۔۔۔۔۔ ہیں۔ — ابوالخیر کشفی / شان الحق حقی

(vii) مصطلحات اردو کے مصنف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔ — اعجاز راہی / اشرف باقری

(viii) فورٹ سینٹ جارج کالج۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں تھا۔ — مدراس / دہلی

(ix) عدلیہ کا انگریزی متبادل؟

(x) Democracy کا اردو متبادل؟

حصہ دوم

2۔ اصطلاح کی اہم تعریفات کا جائزہ لیجیے اور بتائیے کہ آپ کے نزدیک ان میں کون سی تعریف زیادہ مناسب و درست ہے؟

3۔ مفرد اور مرکب اصطلاح سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مثالوں کے ذریعے اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

4۔ اصطلاحات کی مختلف اقسام پر تفصیل سے گفتگو کیجیے۔

5۔ اردو میں اصطلاح سازی کی ضرورت و اہمیت پر ایک نوٹ لکھیے۔

6۔ اصطلاح سازی کے اہم اصولوں کا تفصیل سے جائزہ لیجیے۔

7۔ ترجمے میں تبدل اور معنوی تغیر سے کیا مراد ہے؟ اپنی معلومات کی روشنی میں اظہار خیال کیجیے۔

8۔ درج ذیل انگریزی اصطلاحات کی متبادل اردو اصطلاحات تحریر کیجیے۔

i) Bye-Elections ii) Inflation iii) Black Hole

iv) Plaintiff v) Industry

9۔ درج ذیل اردو اصطلاحات کی متبادل انگریزی اصطلاحات تحریر کیجیے۔

i) سورج گرہن ii) نظام شمسی iii) جزیرہ نما

iv) کابینہ v) مطبع

حصہ سوم

10۔ دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ میں اصطلاح سازی کے طریقہ کار پر تفصیلی گفتگو کیجیے۔

11۔ زبان کی توسیع وفروغ کے لیے کیا آپ اصطلاح سازی کو ضروری سمجھتے ہیں؟ اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

12۔ کیا علامات، لوگو (logo)، رمز (code) وغیرہ کو ہم اصطلاحات کی جدید صورتیں قرار دے سکتے ہیں؟ مدلل گفتگو کیجیے۔

13۔ اردو میں اصطلاح سازی کے تعلق سے پائے جانے والے مسائل کا تفصیل سے ذکر کیجیے۔

14۔ اردو میں اصطلاح سازی کے اہم اداروں کا مختصر تعارف پیش کیجیے۔

☆☆☆